سوال

(85)کسی نے اول شب وتر پڑھ لئے پھر آخر شب قیام کیا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے اول شب وتر پڑھ لیے پھر آخر شب قیام کیا، تو اب نماز کیسے پڑھوں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر آپ نے اول شب وتر پڑھ لیے تھے پھر توفیق الٰہی سے آخر شب قیام میسر آیا، تو اس صورت میں وتروں کے علاوہ دو دو رکعتیں نماز پڑھیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے:

(لَاوِتْرَانِ فِي لَيْلَةٍ)

''ایک رات میں دو بار وتر نہیں ہے۔''

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ثابت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم وتروں کے بعد دو رکعتیں بیٹھ کر پڑھتے تھے۔ اس کی حکمت یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو وتروں کے بعد نماز کے جواز کے بارے میں بتانا چاہتے تھے۔ واللہ اعلم۔۔۔شیخ ابن باز۔۔۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ برائے خواتین

نماز، صفحہ:111

محدث فتویٰ